جواہرِ تصوّف

مرتّبہ

دربار قادریہ فاضلیہ (بٹالہ شریف) فیروز پور روڈ۔ لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صلی اللہ علیہ وآلہ ومن اشتاق بنور جمالہ
سیما شیخی عبد القادر نعم المولیٰ ونعم الناصر

اس کتاب کا نام "جواہر تصوف" رکھا گیا ہے اور طبع اس
لئے کرائی جا رہی ہے کہ خلائق استفادہ کرے۔ جناب مستطاب
حضور قبلہ و کعبہ مرشدی و مولائی حضرت مولانا عارف کامل سید
میاں نذر محی الدین قادری سجادہ نشین دربار قادریہ فاضلیہ نے
حکم دیا کہ اس کتاب کا دیباچہ نہایت مختصر طرز میں لکھوں۔ مجھ ناچیز

کم از غیر مستطیع کے لئے یہ ذمہ داری کیا حقہ ادا کیونکر ادا ہو سکتی تھی۔ مگر اطمینان کا باعث یہ تصور ہوا۔ کہ میں حکم کی تعمیل کر رہا ہوں۔ اور ان متبرکہ کی طفیل برکات عالیہ سے کچھ حاصل کرنے کا امیدوار ہو جاؤنگا

درقافلہ کہ اوست دانم نہ رسم   ایں بس کہ رسد ز دور بانگ جرسم

اس کتاب میں وہ متبرک جمع کئے گئے ہیں۔ جو کہ دربار زوادریہ ذاضلیہ بٹالہ شریف کے بانی معظم قبلۂ سالکین کعبۂ عارفین حضرت ابو الفرح سید محمدؒ فاضل الدین (رضوان اللہ علیہ) وآں ممدوحؒ کے فرزند اکبر حضرت علامہ اہل اللہ قطب الارشاد میاں سید غلام قادرؒ وحضرت بانی معظم ممدوح کے پوتے حضرت فضیلت دستگاہ ولایت پناہ میاں سید غلام غوثؒ اور ان کے فرزند اکبر حضرت قبلۂ مقربان الٰہ مستجمع کمالات علم وفضل میاں سید محمد شاہؒ اور ان کے (یعنی حضرت سید محمد شاہؒ کے) پوتے کے فرزند اکبر حضرت عرفان دستگاہ بحر ذخار علوم حافظ قبلہ اولیاء اللہ میاں سید ظہور الحسین رحؒ کے کلام کا انتخاب ہیں۔ حضرت مدینۃ العلم سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے کامل وجود محمدی جو کہ دو البیان والحکمۃ ہیں۔ ان کی شان میں فرمایا ہے

وفیک الکتب المبین الذی   باحرفہ یظہر المضمر

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کتاب مبین (روشن کتاب) ہیں۔ اور آنحضور کی صفات کا ایک ایک حرف اسرار الٰہی کے کھلنے کا ذریعہ ہے یہی کتاب مبین ہے جس کے مطالعہ میں ان اولیاء کرام نے زندگیاں بسر کیں۔ اور اسی

کتاب مبین سے خلائق کو روشناس و متعارف کرانے کے لیئے انہوں نے تنزیہ و تصفیہ اور نشر و نظم کے ذریعہ روحانی فیضان کی اشاعت فرمائی۔ اس لیئے یہ ناشناس تحسین گزاری ہو گی۔ اگر ان اشعار کو جو کہ "جواہر تصوف" کی صورت میں چھاپے جا رہے ہیں محض شعر سمجھا جائے ان اشعار میں وہی حکومت و عرفان موجود ہے۔ جس کا ذکر حدیث پاک میں ہے۔ کہ بعض اشعار حکمت (دانش) ہوتے ہیں۔ اس کتاب "جواہر تصوف" میں ایک حصہ وہ بھی ہے جسے تعلیمات تصوف کے اعتبار سے نہایت ممتاز تصنیف سمجھا جاتا ہے۔ اور اس کے اقدار کو بخوبی پہچان لیا جائے تو ثابت ہو جاتا ہے کہ یہ حصہ ایک مستقل تصنیف تصوف میں بطور کتاب الاصول کے ہے یہ ہے "رمز العشق" تصنیف حضرت قبلہ علامہ اہل اللہ مولانا میاں سید غلام قادرؒ، رمز العشق کو بخوبی سمجھنے کے لئے کئی دشواریاں ضرور موجود ہیں۔ اور حقیقتہً وہی اس کے غوامض اور بلندیوں تک پہنچ سکتا ہے جو عالم شریعت اور دانائے طریقت ہو۔ اس کی شروح بزبان فارسی موجود ہیں جن سے اسرار کی وضاحت ہو سکتی ہے۔

میں اس دیباچہ میں یہ بھی درج کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ قرآن حکیم میں شعراء کے کلام کو قابل اعتنا نہیں سمجھا گیا مگر اس ارشاد میں الا الذین آمنوا وعملوا الصٰلحٰت وذکروا اللہ کثیراً کے ذریعہ شعراء کی اس جماعت کو ممتاز فرما دیا گیا۔ جن کو خلوص فکر (یقین و ایمان) اور خلوص عمل (صالحات) کی دولت ملی ہوئی ہے اور جو اپنے شعروں میں اللہ کی یاد اکثر کرتے ہیں

ایسے شعراء کے کلام کی قدردانی ضرور ہی ہوتی ہے۔ چنانچہ آنحضرت سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں جب کوئی نعت خوانی کرتے تو ان کے حق میں آنحضرت دعا فرماتے۔ اس ہی ذیل میں مشہور واقعہ مصنف قصیدہ بردہ (عربی) کا قابلِ تحریر ہے۔ کہ انہوں نے اپنی شدید علالت میں، جب کہ وہ علاج سے مایوس ہو گئے تھے، قصیدہ بردہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت میں تصنیف کیا تو اس رات خواب میں آنحضرتؐ کی زیارت سے مشرف ہوئے اور آنحضرتؐ نے ان کے جسم پر ہاتھ مبارک لگایا تو وہ اسی وقت صحت مند ہو گئے۔ صبح اٹھے تو واقعی تندرست تھے۔

ایک اہلِ باطن درویش نے بیان کیا تھا۔ کہ جب وہ قصیدہ (خواب میں) رات میں آنحضرتؐ کی خدمت میں پڑھا جا رہا تھا تو آنحضورؐ اعتراف کے طور پر جھوم رہے تھے، یہ تھا خلوصِ فکر و خلوصِ عمل اور کثرتِ یادِ الٰہی کا اعتراف!

یہ مجموعہ "جواہرِ تصوف" جو کہ گزشتہ تین صدیوں کی یادگار ہے طالبانِ حق کے لئے عالی مقام مصنفین کے خلوصِ فکر، خلوصِ عمل اور کثرتِ یادِ الٰہی کی وجہ سے جاوید بقا سعادت کا سرچشمہ ثابت ہو رہا ہے۔

اس دیباچہ میں بھی کسی قدر ترمیم کی ضرورت ناگزیر تھی اس لئے کچھ ترمیم کر دی گئی ہے۔

احقر العباد

(سید) بدر محی الدین قادری

سجادہ نشین دربار قادریہ فاضلیہ (بٹالہ شریف) لاہور

۱۸۔ ربیع الاول ۱۳۹۵ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کلام

اعلیٰ حضرت

حضور سیدنا مولانا قبلۂ سالکین

ابوالفرح سید محمد فاضل الدین رضوان اللہ علیہ

بانیٔ دربار قادریہ فاضلیہ بٹالہ شریف

از شراب غوث اعظم گلشن و گلزار مست — شاخ مست و برگ مست و میوہ مست و بار مست

بسکہ بغداد آمدہ بینی در و دیوار مست — شہر مست و کوچہ مست و خانۂ خمّار مست

در بہار شادیٔ جیلانی ببین مستی تمام — جامہ مست و خرقہ مست و جبہ و دستار مست

بزم وجد قطب ربانی تماشا کردنی ست — عود مست و چنگ مست و نغمه مست و تار مست

مرحبا محبوب سبحانی ز سر تا پائے اوست — زلف مست و خال مست و طرهٔ طرار مست

از نسیم بوئے عنبرسا شاه دستگیر — عطر مست و مشک مست و نافهٔ تاتار مست

یافته تلقین ارشاد تسبیح و تهلیل خدا — بلبلان در باغ مست و کبک در کهسار مست

این غزل گفتی تو فاضل دین بمدح پیر خویش — لوح مست و حرف مست و کلک گوهربار مست

○

یا غوث اعظم کن کرم از راز خود غنچه کشا — درمانده ام بیچاره ام یا شیخ عبدالقادرا

دامان تو بگرفته ام بکشا تو کارے بسته ام — رحمے بکن دل خسته ام یا شیخ عبدالقادرا

جادوئے نفسم دور کن از فیض خود مسرور کن — در معرکه منصور کن یا شیخ عبدالقادرا

شاہم امت درد خود ملتی که گویم در خود — گو یار گو همدرد خود یا شیخ عبدالقادرا

بر نام تو ختم سخن باشد عطائے ذوالمنن — بخشد فتوح [illegible] یا شیخ عبدالقادرا

بزم تو بزم مصطفیٰ یاد تو جلوه مرتضیٰ — یک جلوه وجه بهر خدا یا شیخ عبدالقادرا

ما را ز نام یاد تو فاضل شده دلشاد تو — هان بندهٔ آزاد تو یا شیخ عبدالقادرا

داعیٔ درد ما توئی اول توئی آخر توئی — منصور هم ناصر توئی یا شیخ عبدالقادرا

○

جز تو ندارم هیچ کس یا محی الدین یا محی الدین — درمانده ام فریادرس یا محی الدین یا محی الدین

بنگر بحال زار من [illegible] در کار من — جز تو نباشد یار من یا محی الدین یا محی الدین

دارد سے درد ما [illegible] آن پاکیزه [illegible] — دلهائے ما با فیض تو یا محی الدین یا محی الدین

اے سید ابرار خدا بہر محمد مصطفیٰ | فضلے بکن راہم نما یا محی الدین یا محی الدین
اے سید عالی مکان اے صاحب نور العیان | بنگر بحال بے کساں یا محی الدین یا محی الدین
اے منظر صدق و صفا منبع جود و عطا | اے ساکن عرش علا یا محی الدین یا محی الدین
گاہے بیاد رحمت آرم یا بکرم جانانہ ام | دشمن بکن کاشانہ ام یا محی الدین یا محی الدین
فاضل گدائے باب تو خواہد ز حضرت تا بہ تو | از فضل کن شاداب تو یا محی الدین یا محی الدین
[illegible] کردی فضل کن شیطان و نفسم عزل کن | جود و عطائم بذل کن یا محی الدین یا محی الدین
خوانندہ و شنوندہ راہاں [illegible] | تا فضل [illegible] یا محی الدین یا محی الدین

○

جا صبا بغداد میں میری طرف سے عرض کر | بندہ ہوں آرام خدا [illegible] جا بجز نگر
گرچہ ہوں لاکھ بیر خدمت سے ہوں مقصر سر بسر | پر تمہارا نام رکھتا ہوں میں سایہ سر اوپر

شاہ محی الدین تم ہو کون لے میری خبر!

تم نبی کے لاڈلے اور مرتضیٰ کے تم ہو لال | حضرت شبیر کے تم ہو جہاں کے نونہال
جان بلب ہو کر میں کہتا ہوں یہ میرا حال | تم سا میرا پیر ہو پھر یہ مصیبت کیا مجال

شاہ محی الدین تم ہو کون لے میری خبر

قبلۂ کونین تم ہو کعبۂ دارین تم | مرتضیٰ کے لاڈلے زہرا کے نور العین تم
مرزا باغ انبیا کے گل ہیں حسنین تم | یہ تعجب چھوڑ دو میرے کام کو نابین تم

شاہ محی الدین تم ہو کون لے میری خبر

دین اور دنیا کے والی دو جہاں کے بادشاہ | محرم راز حقیقت کاشف سر الٰہ
اے میرے غمخوار و مونس میری پشت و پناہ | ہمک تو میرے حال پر کر فی سبیل اللہ نگاہ

شاہ محی الدین تم بن کون لے میری خبر

بادشاہِ غم نے لیا عیش کا گھر بار لوٹ　　دکھ کا دعویٰ ہو رہا دل پر مسلم اور ثبوت
کھا کے اپنے آپ کو مر رہا ہوں عشق عنکبوت　　یا بدن سے جان نکلے یا ہووے دل کو سکوت

شاہ محی الدین تم بن کون لے میری خبر

غم کی قینچی ہے کترتی مصحفِ دل کے ورق　　درد کا استاد دیتا دل ہمارے کو سبق
عیش کا خورشید ڈوبا دیکھ عشرت کی شفق　　اس لئے بیٹھا ہوں بھر بھر خون اپنے کے طبق

شاہ محی الدین تم بن کون لے میری خبر

ہے اگرچہ ہو بہو میرا گناہوں میں غریق　　تم سحاب لطف سوں ہے ایک امید عمیق
اور نہیں ہے دکھ موں میرا جو خدا کوئی رفیق　　تم کو اپنا مدعا کہتا ہوں اے میرے شفیق

شاہ محی الدین تم بن کون لے میری خبر

لشکرِ امراض نے صحت کو دینی ہے شکست　　تن جو گھائل ہو رہا ہے دل ہوا ہے لخت لخت
آ گیا افلاس یوں ہے ایسا میں اگر تنگ دست　　ہے زبان میری گنگ تا کہہ سکوں اپنی سرگزشت

شاہ محی الدین تم بن کون لے میری خبر

تجھ ثنا کس کا ہے یا محبوبِ سبحانی علم　　تجھ ثنا کس کا ہے کاندھے اولیا اوپر قدم
اے شاہ عالی نسب اے مظہرِ نورِ قدم　　ہوں نپٹ عاجز میرے اوپر کرم سوں کر کرم

شاہ محی الدین تم بن کون لے میری خبر

تم دوا ہو ہر مرض کے دارو ہو تم ہر درد کے　　ہم ترے بیمار ہیں محتاج ہیں امداد کے
پہنچ سکتا کو نہیں رتبے تمہارے گرد کے　　شکرِ حق ، دامن لگے ہیں ہم تو ایسے مرد کے

شاہ محی الدین تم بن کون لے میری خبر

کب تلک ایسا رہوں حرص و ہواؤں میں اسیر — پاؤں میں شیطاں نے ڈالے ہیں غفلت کے زنجیر
یہ تعجب ہے کہ میرا تم سا کامل ہو کے پیر — پھر کرے یہ نفس سرکش اس قدر مجھ کو اسیر
شاہ محی الدین تم بن کون لے میری خبر

قطب عالم غوث اعظم رہبر دنیا و دین — دستگیر بیکساں و جرم بخش مذنبیں
اے شہ کون و مکاں والے شہنشاہ زمیں — تم جناب پاک ہو کہتا ہوں میں کر کے یقیں
شاہ محی الدین تم بن کون لے میری خبر

شیشۂ دل کو میرے غم نے کیا ہے بس شکست — جور کرنے عشق سوں کرتا ہے دل اب لخت لخت
ہو رہا ہے تن مرا باریک مجنوں کی صفت — اے مرے والی عجب مشکل بنی مجھ پہ ہے سخت
شاہ محی الدین تم بن کون لے میری خبر

نفس اور شیطاں مجھے کرتا ہے رات اور دن خراب — حرص کی آتش سوں جل کر ہو رہا ہوں جیوں کباب
میں تمہارا ہوں خبر میری لیو آکر شتاب — راہ عصیاں کا بھلا کر راہ دکھلاؤ ثواب
شاہ محی الدین تم بن کون لے میری خبر

ورد قادری کا ہوا ہے صبح تیری دلپذیر — غم نہیں از بسکہ رکھتا ہوں میں تم سا دستگیر
تم کرو گے مخلصی میری بروز دار و گیر — ہے مجھے تجھ ذات عالی پر یہ امید کبیر
شاہ محی الدین تم بن کون لے میری خبر

لذت عشق چوں درجاں جلوہ داد غنچہ ہائش سربسر گلہا کشاد

لذّت وصلی از ہمہ لذات خوش سوز دل را شبنم از شمامۂ خوش

دیدہ از نغمات وصل آمد بصیر خواندۂ اسرار آن جاء البشیر

ہر کہ دیدہ ہجر داند وصل را عام را حلوا است خور دیصلہا

در محبت ہجر و وصل آمد متاع از یکی ظلمات وز دیگر شعاع

ہر کہ دیدہ ظلمتی را نور یافت! ورنہ طور جا بلا نہ سینہ کافت!

کفر را مرغوب خود زاں دیدہ اند لذت تمیز را بخشندہ اند

کارواں در راہ دار وہم تمیز! کافر آمد از فسادش پشت تیز

ہر کہ را تمیز نبود مردہ داں بے تمیز آمد بہر دم در زباں

کور باشد بے تمیز از عشق جاں در رہی مغشوش گردد بردکاں

بوجہل از جہل سبے تمیز بود زیں سبب از نور حق ناچیز بود

چوں تمیز آمد خطاب از حق رسد زامنوا صلوا و ذکو برخورد!

بالغ از تمیز گردند انس و جن بے تمیزی شیر باشد کردفن

اول از انواع آں تمیز شرع در حقائق نور ست ثابت اصل فرع

منتہا تمیز باشد عشق ہو! شاد بادا ہر کہ گشتہ زد گرد

عاشقاں راز ہر دادو صد الم! — گرچہ باشد روزگاری پے بہم
آخراز انوار یابد تخت جم — تنگ رانی شیمۂ شاں دمبدم
تخت جم جامی و جام اصطفا — نہ جم و جام کہ باشد پر دغا
جام می مَد دست ساقی بقا — نوش ہر دم تاکہ باشی باصفا
از شرابِ جام قدسی بادہ خواہ — تابہ بینی لذّتِ اصل و نگاہ
دیدہ را بکشا نورِ یار بیں — از طفیلِ نور شاہ محی الدین
دیدہ را سرمہ کن از اسرار ہو — تابہ بینی مصطفےٰ را چار سو
مصطفےٰ محبوبِ ربّ العٰلمین — نور اد در ذرہ ہا نعم المعین
گر نتابد نورِ احمد مجتبےٰ — کے بہ بلیند ماہ را چشم شہا
تو سہائی بدر آمد وجہ او — از دل و جاں باش او در اوگوِد
گر تو خواہی نور احمد ہاں تعال — خواں سقانی المحب کاسات الوصال
بادۂ عشق از بساط ہو بنوش — تابہ بینی نور احمد ہوش و گوش
از سقانی المحب یابی نُور ہُو — نوش کاسات الوصالش مو بمو
چوں سقانی المحب، در جانت رسد — جان خبو بانہ زہر مو ئیتہ و مد
از سقانی المحب راہ یار بیں — جلوۂ گلزار شاہ محی الدیں
از سقانی المحب دیدم روی دوست — از تجلی اوست ظاہر مغز و پوست
مغز چہ بود محو گشتن از ربود — از سقانی المحب، دیدن محو شہود

چوں سقانی المحب خوانی اے عزیز
در دل تو وا کشاید صد تمیز

رمز العشق

تصنیف عالیجناب حضرت قبلہ علامہ اہل اللہ مولانا میاں غلام قادر شاہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وہی وہی نہ دو جا کو — پر گھٹ ہو یا محمدؐ ہو
احدِ محمدؐ ایک پہچا نوں — ایک ہی دیکھو ایک ہی جانوں
حمد کہو اور بہت درود — فہو الحامد والمحمود
اوّل آخر باطن ظاہر — ناہیں اوس ہوں کو یو باہر
انا من نورہ سنو بیان — والکل نورہ دھر و دھیان
سمجھیو اور بوجھو بات — ایک ہی ذات ہے ایک ہی ذات
سب وڈیائی اوسے مسلم — صلی اللہ علیہ وسلم
صلی اللہ علیہ والہٖ — ومن شتاق بنورجمالہٖ

سیما شیخی عبد القادر
نعم المولیٰ ۔ نعم الناصر

فصل فی بیان الحقیقۃ اجمالاً

فاضل شاہ کا لے کر نام — سنو حقیقت کہے غلام
دل سوں سنو حقیقت ساری — ایک حقیقت سب موں ساری
آپ سنے اور آپ سناوے — کیا کہیئے کچھ کہا نہ جاوے
وہی سمیع ، بصیر ، علیم ! — ناہیں اوس کا کوئی سہیم
لکان ولم یک معہ شیئاً — وھو الآن کما کان کہیا
غیر کہاں ہے دیکھ پیارے — آپ ہی آپ ہے ہر ہر جا رے

○

فصل فی بیان مراتب الوجوب لہا الاحدیت

جے توں چاہیں نورِ یقیں — جاں مراتب حق کے تین !
اوّل کوں احدیت جان — جس کا ناہیں نام و نشان
اسم و صفت کا نا نہہ مقام — ہے بیرنگ نرالے نام !
نا نہہ ظہور و خفا کا طور — سلب و ثبوت کا ناہیں ٹھور
مطلق ہے اطلاق سوں پاک — ھو لا یدرک بالادراک
غیب الغیب ہے غیب الغیب — ناہیں اسموں شک اور ریب
وہم و خیال کی ناہیں جا — بوجھا جاناں کیوں کر جا

لیس ھنالک انت ولاھو　　احدٌ صمدٌ لیس سواہ

فصل فی بیان الوحدۃ والتعین الاوّل

دو جا وحدت جان پیارے　　پر گھٹ ہوے حقائق سارے
مجمل مبہم نا نہہ مفصّل　　اس کو کہیں تعیّن اوّل!
علم وجود اور نور شہود　　اس برزخ موں کیا نمود
یعنے آپ کو آپ پہچانا　　روشن ہو کر دیکھا جانا!
اوّل ہو کر ہو یا آخر　　باطن ہو کر ہو یا ظاہر
سمجھ اسمأ و صفات کمال　　ظاہر ہوے علیٰ الاجمال
اس برزخ کبرے کا جان　　نام حقیقت احمد جان
اصل الاصل محمد جان　　سب کچھ اس سوں ہو یا عیاں
جے نا نہہ ہوتا نورِ وجود　　اس آئینہ موں مشہود
کوئی نقش نہ ہوتا ظاہر　　وھو المولیٰ وھو النّاظر
ہے احدی جمعی الشان　　فھو الآن کما ھو کان
ازلی ابدی نورِ قدیم　　فھو الاحمد لا بالمیم

فصل فی بیان الوحدتیہ والتعین الثانی ص

تیجا بوجہ تعین ثانی | اس حضرت موں میرے جانی
ظاہر ہوئے مظہر سارے | بھئے مفصل مجمل پیارے
سبھ اسماء صفات الٰہی | پرگھٹ ہوئے تمام کماہی
گو ہیں سبھ اسماء کیانی | پکڑ ظہور ہوئے نورانی
کثرت علمی ہوئی تمام | بالاسماء و بالاحکام
واجب ممکن سوں ممتاز | فقر و غنا اور راز و نیاز
ہر ہر اسم وجوبی تائیں! | مظہر کوئی خاص پہچا نیں
اقدس فیض نے کیا جوش | بوجہ حقیقت ہو داموش
اثر موثر خوب پہچان | حضرت اسماء اور اعیان
ہر ہر شان ہوں طور نیارا | آن دوئی نے کیا پسارا
کیا کہتا ہوں میں بورانا! | دوئی کہاں ہے سمجھ نادانا
اسم وصفت کے معنی جان | تا ہووے یہ رمز عیان
اسم و مسمّےٰ جانو ایک | سمجھیو اور بوجھ نیک،
عین کہاں ہے آنکھیں کھولو | ایک ہی دیکھو ایک ہی بولو
صحت علمی ہے معدوم | عالم بناں نہیں معلوم
ظاہر علم موں کیا نمود | عین موں تا ہیں اسکوں بود
ایک وجود ہے ایک وجود | من الفیض و من الجود!

وھو الواحد حقاً حقاً تمت کلمت ربک صدقاً

○

فصل فی بیان اتحاد الحقیقۃ و تعدد و مراتب الظہور

کہنے کوں یہ درجے تین ایک حقیقت جان یقین
ہر درجے کا حکم پہچان تا ہوویں توں نزد العرفان
ہر درجے کا نام جدا ہے ہر درجے کا کام جدا ہے
ہر ہر نام کے معنے اور ہر معنے کا اور ہے طور
کہیں ہے اللہ کہیں رحمان کہیں سلام کہیں سبحان
کہیں علیم، سمیع، بصیر کہیں مرید، کلیم، قدیر
کہیں ہے ہادی کہیں غفار کہیں مذل کہیں قہار
کہیں ہے احد کہیں ہے احمد کہیں ہے واحد کہیں محمد
کہیں ہے شاہد کہیں مشہود کہیں ہے حامد کہیں محمود
کہیں ہے عابد کہیں معبود کہیں ہے ساجد کہیں مسجود
ہر ہر نام کا جانو شان حفظ مراتب لازم جان
یہ جو تینوں ہوئے بیان خاص وجوب قدم کی جان
ہے معبود دہی ان سوں خاص کرو عبادت با اخلاص

○

فصل فی بیان مراتب الحدوث اولہا الرّوح

اور مراتب خلق تین بوجھ لیئو اور کرو یقین!
اول حضرت روح پہچان پاک، لطیف منزّہ جان
نا نہہ اس شکل نا نہہ اوہ صورت یعنے جو اسلب کدورت
ناہیں روشن نا نہہ تاریک نا نہہ وہ دور نہیں نزدیک
نا نہہ محدود نہیں متناہی نا نہہ معلوم بکنہ کماہی

○

فصل فی الایما الی الرّوح الرّوح

اوّل سرّ خدا کا ظاہر ناہیں اس سوں کوئی باہر
سبھ اسرار کا ہے وہ مخزن سبھ انوار کا ہے وہ معدن
جامع مطلق نا نہہ مقیّد یعنے ہے وہ نور محمّد
قلم الاعلےٰ امّ کتاب اس حضرت کا ہمان خطاب
نوری اوّل ما خلق اللہ منہ بدا ماشاء اللہ
سبھ ارواح خواص و عام ہر گھٹ اس سوں ہوئے تمام
کیا کرّ وبی کیا جبروتی کیا ملکوتی کیا ناسوتی
سبھ کچھ اس سوں ہویا عیاں فی الاعیان و فی الاکوان
علم موں ہے اعیان کا ثبین عین موں ہے اکوان کا عینی!

وہی وہی ہے سبھ موں ظاہر
فہو الاوّل وھو الاٰخر

فصل فی بیان عالم المثال وانواعہ

دُوجا عالم بوجھ مثال — اس برزخ کا نام خیال
سبھ ارواح و صفات معانی — صورت پکڑ ہوئے نورانی
لیکن با اشکال لطیفہ — نا نہہ مکدّر نا نہہ کثیفہ
لایتبعض ولا یتجزیٰ — لا کسواً لا قطعاً قطعاً
نا نہہ ٹوٹیں نا نہہ توڑی جاویں — نا نہہ مریں نا نہہ ماری جاویں
نا نہہ صحیح نہیں بیمار — ناہیں سوویں نا نہہ بیدار
نا نہہ کھانے پینے کا ہول! — ناہیں غائط ناہیں بول!
یعنے جو نقصان کا طور — ناہیں اس کا ایہاں شور
سبھ ہے یہ اجسام نورانی — نا نہہ زمانی نا نہہ مکانی
ظاہر حس سوں ناہیں مدرک — ناہیں اسموں ریب نہ شک
گر سینہ زنگار سوں صاف — تاں توں دیکھیں سبھ اصناف
یہ برزخ دو قسم پہچان — مطلق اور مقید جان
جو ہے بیچ خیال انسانی — اسکوں جان مقید جانی
اسوں باہر مطلق جان — ہر ہر آن موں ہر ہر شان

اور دو نوع عروج نزول | سمجھ لیو مت کرو فضولی!
ہر ہر کے احکام جدا ہیں | نام صفات مقام جدا ہیں
ہر موجود کوں اس برزخ موں | لاتحصی اشکال پہچانوں

فصل فی الاشارہ الی لطیفۃ المثال الجامع

اصل اس کل ہے قلب محمّد | ناںہہ ہے مطلق ناںہہ مقید
وہی وہی ہے دیکھ پچھانا | ناںہہ کو اور نہو بورا نا!
وہی وہی ہے صورت معنے | وہی وہی ہے اسم مسمّے!
وھو الاصل الکل مثالٍ | لیس لہٗ فی الکون مثال

فصل فی عالم الاجسام واقسامہ

تیجا حضرت جسم یقین | وھو العرش الی الارضین
سبھی افلاک کواکب سارے | چار عناصر لوجھ پیارے
ساتوں ہیں طبقات زمین | اور مرکب حیوانو ہین
اوّل کا ہے کافی نام | دُو جا بوجھ نباتی عالم
تیجا دیکھ لیو حیوان | ہر ہر کے انواع پہچان
اینہاں سب اشکال نورانی | پہن لباس ہوئے ظلمانی

یعنے سبھ اسرار نہانی ہوئے ہیں محسوس عیانی

فصل فی الرمز الی لطیفۃ الجسم المطلق

اصل اس کا ہے جسم محمد صلے اللہ علیہ و احمد
جامع مطلق نورا منوّرا پرگھٹ ہویا تہہ مستور
ہر عالم موں ہے موجود ہر مشہد موں ہے مشہود

فہو الباطن وھو المضمر
وھو الظاہر وھو المظہر

فصل فی بیان المرتبۃ الاخیرۃ الجامعۃ للمراتب کلہا

پیچھے سبھ کے میری جان سرّ خدا کا ہے انسان
صورت حق کی پر مخلوق ہم ہی عاشق ہم معشوق
سبھی کمال بوجہ کمال بالتفصیل و بالاجمال
اس مظہر موں ظاہر خاص خاص الخاص ہے خاص الخاص
یعنے سبب اسناد الٰہی پرگھٹ اس موں ہوے کماہی
جیسے اسماء و صفات کیانی اس موں ہوئے سبھ رخشانی
مظہر کامل نسخہ جامع سرّ عمائی ہویا لامع!

ظاہر اوس کا عبد پچھان — باطن اس کا حق کر جان

لا انا الا ھو فرمایا — لا ھو الا انا سنایا

عالم جسم مستوی جان — روح مصطفیٰ ہے انسان

لولا آدم لعدم الرسم — لولا الروح لبطل الجسم

آخر سبھ کے بیچ نزول — اول سبھ کے ہو یا رسول

سبھ اکوان کوں ہے کالعین — بل لہم انسان العین

عرش و فرش ہیں اس کی تابع — کل الکل ہے سب کا جامع

ہے وہ کل سبھی اجزا — جب وہ جاوے سبھ کجھ جاء

ہر عالم کا وہی مدار — دنیا عقبیٰ کا سنگار

سو یہ خلیفہ حق کا جان — حق کر جانو حق کر مان

سر خدا کا ستر خدا — کیا کہیے کجھ کہا نہ جا

انا عرب بے عین کہایا — انا احمد بے میم سنایا

کہنے سننے سوں ہے باہر — اول آخر باطن ظاہر

کیا کہتا ہوں میں بیہوش — سن کر جانی ہو خاموش

فصل فی بیان المراد والمنع عن الزندقۃ والالحاد

سات مراتب بوجھ پیارے — ہر ہر کے ہیں حکم نیارے

ست گر سوں توں کر تحقیق — ناں ہو ملحد ناں زندیق!

فرق اور جمع سبوں فرق پچھان — پھر دونوں کوں ایک ہی جان
بوجہہ ایو تنزیہ کوں خوب — ثان ہو محمد ناں محجوب
بھی تشبیہ کوں جانوں نیک — پھر دونوں کوں جانوں ایک
ظاہر موں ہے وحدت کثرت — باطن موں ہے کثرت وحدت
قدم وجوب کے سبھ اسمار — جانوں فاعل فی الاشیاء
ازلی ابدی ہیں درکار ! — نا نہ معطل نا نہ بیکار
اس مشہد موں ہے مسجود — فہو القاصد والمقصود
یوں ہیں سبھ اسما کیانی — حادث جانو اور نقصانی
اس مظہر موں راکع ساجد — فہو الطالب وہو العابد
بندے کا ہے طاعت کام — واعبد ربک سنو کلام
کرو عبادت دن اور رات — شرک اور شک سوں ہووے نجات
کرو عبادت شرع آئین — حاصل ہووے نور یقین
جس کوں ناہیں شرع گواہ — اس کوں جانوں تم گمراہ
حق نے کیا نور مبیں — شرع کوں منہج کتاب متین
جس کوں حاصل نانہ یہ نور — طبع ہوا کا ہے مغرور
نانہ ہوا اس کوں قرب وصال — شرع بنا ہے قرب محال!

○

فصل فی بیان رمز خفی لا تعرفتہ الاولی اصفی

رمز خفی اور ستر نہاں کہتا ہوں میں سبھوں جان

اپنے آپ کوں خوب پہچان جے چاہیں حق کا عرفان

عرف النفس کوں بیشک دایم عرف اللہ جزا ہے لازم

یعنے ممکن ہے نابود! نا نہ مشہود نہیں وجود

ظاہر علم موں ہے معلوم حضرت عین موں ہے معدوم

نا ہے اس کوں ذات صفات نا نہ کچھ کام نہیں کچھ بات

نا نہ زمان مکان سوں کام نا نہ نشان نہیں کچھ کام

لیس لہ فی الکون مجال لا فی الماضی لا فی الحال

صور خیالی ہیں اعیان حق ہی ظاہر فی الاکوان

ایک ہی ذات تمام صفات اس کوں ثابت ہے اثبات

ایک ہی ذات تمام اسماء اس کوں ثابت ہر ہر جاء

ایک ہی ذات سبھ اس کے نام کہیں ہے خواجہ کہیں غلام

ناہیں تجھ کوں ذات وصفات کوں ہیں کیا ہیں کہہ سکی بات

عربی کیا کہتے ہیں خوش ثبت عرشلہ ثم النقش

پھر اعیاں کی سن توں بات ان ھی الا کاماوات

کیا کہیے اعیان کی خوبی سبھ اسما وصفات وجوبی

روشن ہوئے ان موں صاف بالآثار و بالاوصاف

یونہی حق آئینہ جان   بلا عیان بلا نقصان

آپ ہی صورت آپ ہی آئینہ   اپنے آپ کوں آپ ہی بنیا

انی انا اللہ ہے قرآن   انی عبد کو لیو مان!

حق ہی ہے محمدؐ ظاہر   ہویا محمد حق موں باہر

ناہی بنا محمد کوئی!   ہر ہر جا موں اوہی اوہی

ہر جا اس کا نام نیارا   وہی وہی ہے پیو پیارا

کہیں ہے آدم کہیں ہے حوا   کہیں ہے شیث کہیں ہے موسیٰ

کہیں ہے یوسفؑ کہیں یعقوبؑ   کہیں شعیبؑ کہیں ایوبؑ

کہیں داؤدؑ کہیں زکریا   کہیں ہے یحییٰ کہیں ہے عیسیٰ

کہیں عبد اللہ کہیں محمد   کہیں اسد اللہ نور مؤید

کہیں حسنؓ ہے کہیں حسینؓ   کہیں بتولؓ نبی کا نین!

کہیں سید محی الدین   سر حقیقت نور یقین

سبھی مظاہر اس سوں روشن   آپ ہی ظاہر آپ موں روشن

احمدؐ احمدؐ ہے ہر جا   کیا کہیئے کچھ کہا نہ جا

ہے یہ سر خفی مکتوم   محرم بناں نہ ہو معلوم

ناہیں محرم کو بن پیر   پیر ہی پیر ہے پیر ہی ہے

فی مدح الشیخ الاجل رضی اللہ عنہ

پیر ہمارا شاہ جیلانی — جس کا ناہیں کوئی ثانی

سِرِّ نبیؐ کا نور علیؓ کا — واقفِ رازِ خفی و جلی کا

امر اس کا ہے امر اللہ — اسم اس کا ہے اسم اللہ

ذات صفات کا ناہے بیان — فھو الجامع کلّ الشان

جد اپنی کا ہے وہ نائب — عقل اور فکر سوں ہے وہ غائب

دین نبی کا ان سوں روشن — قدم ان کا ہے سب کی گردن

سب ولیوں کا ہے سردار — غوث الاعظم قطب مدار

فرداً لیس کمثلہٖ احدٌ — عزٌّ لیس لفضلہٖ ابدٌ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ — الحقنا بالرحمت وعنہ

○

فی مدح المرشد المولیٰ شیخی و ابی قدس سرہٗ

دین دنی کا پشت پناہ — والی میرا فاضل شاہ

قطب حقیقت شمس یقینی — نائب سید محی الدین

عارف کامل دل آگاہ ! — نورِ محمد سرّ اللہ !

اوّل آخر ظاہر باطن — ہاتھ ہمارے اس کا دامن

ناہیں اس بن کوئی میرا — اس کا ہوں میں اس کا چیرا

نا ہنہ کسو سیں مجھ کو کام! وہی ہے مولیٰ وہی غلام

فی الخاتمہ

اپنے شاہ کا لے کر نام کیا رمز العشق تمام
رمز العشق کو جس نے جانا بے شک حق کوں دیکھ پچھانا
حمد کہو اور بہت سلام اول آخر نیک کلام!
یا رب صلِّ علیہ و آلہٖ واجعلنی فی حبّہٖ و آلہٖ
اللّٰھم بنورِ جمالہٖ شرفنی بالحال وقالہٖ

تلخیص شروح رمز العشق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وہی وہی نر دوجا کو　　پرگھٹ ہو یا محمدؐ ہو

اللہ کی توحید کا تقاضا یہی ہے کہ اس کے سوائے کوئی دوسرا موجود نہ ہو اس لئے جو کچھ اس کے سوائے بظاہر دیکھا جارہا ہے۔ یہ محض وہ صورتیں ہیں جن کا رجوع ذاتِ حق کی طرف ہے اور لا الٰہ الا اللہ کا معنے اصل میں یہی ہے اور اس ہی لئے مخالفین اسلام نے تعجب ظاہر کیا تھا۔ کہ اسلام نے تمام معبودوں کو ایک ہی معبود بنا دیا۔ اور رد مخالفین اسلام توحید کی مخالفت کرنے لگ گئے۔ چنانچہ اجعل الالھتہ الھاً واحداً ان ھذا لشئ عجاب ذکر دیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام معبودوں کو ایک معبود۔ یہ تو بہت تعجب خیز بات ہے۔ اللہ کے سوا جو معبود سمجھے جاتے ہیں۔ وہ دراصل وجود مطلق رکھتے ہی نہیں ہیں اس لئے ان کی پرستش بے کار ہے۔ یہ استدلال لا الٰہ الا اللہ میں نمایاں ہے۔ کہ جب اللہ کے سوا کوئی معبود موجود نہیں ہے تو سوائے اللہ کے کسی کے قابل پرستش ہونے کا سوال ہی پیدا

نہیں مڑتا۔ اور اگر کوئی غیر اللہ کی پرستش کرتا ہے تو فضول کام کرتا ہے جو کہ عقل سے متضاد ہے۔

جب کثرت کو عین وحدت یقین کیا جائے۔ تو یہ ہی ماننا پڑے گا کہ وجود حق کا ظہور سب سے پہلے جو ہوا وہ تعین اول ہے اور وہ ذات محمدؐ ہے اور جو تنزلات کے مراتب ہیں دو کلمہ کے آخری حصہ محمد رسول اللہ سے ظاہر ہیں۔ محمد حق بہ صفت اجمال اور محمد رسول اللہ حق بہ صفت تفصیل ہے۔ یہی نکتہ رمز العشق میں یوں ارشاد ہوا۔

"پرگھٹ ہو یا محمدؐ ہو" یعنے حق تمام مجالی الٰہیہ میں محمدؐ ہو کر ظاہر ہوا۔ یعنی حق بہ صفت اجمال محمدؐ۔ ع "دسب دیکھو نور محمدؐ کا" سب دیکھو نور محمد کا" اس سے محمد رسول اللہ کی شان بیان کرنا مقصود ہے یعنے محمدؐ بطور رسول اللہ کے حق بہ صفت تفصیل ہیں۔ کلمہ کا پہلا حصہ لا الٰہ الا اللہ کا نکتہ تو رمز العشق کے شعر اول میں بیان ہوا۔ اور کلمہ کا دوسرا حصہ محمد رسول اللہ "سب دیکھو نور محمدؐ کا" نے ظاہر اور واضح ہو گیا۔ یعنی وجود حق صفت تفصیل کی شان رسالت محمدیہ نے روشن کردی۔ اس اجمال کی تفصیل روشن کی گئی ہے جو کہ محمدؐ میں ہے۔ یعنی جو اجمال ذات حق کے تعین اول میں اس کی وضاحت رسالت محمدؐ یہ ہے۔

احد محمدؐ ایک پہچانو ایک ہی دیکھو ایک ہی جانو

جب سارے اعتبارات کی نفی لا الٰہ الا اللہ سے کردی گئی۔ اس لحاظ سے اس ذات کو احد کہا جائے گا۔ اور تمام مراتب میں ظہور اور انصاف کے لحاظ سے اس ذات کو محمد کہا جائے گا ہستی مطلق کے سوا کسی کا وجود نہیں۔ اور تعینیات اسی ذات حق کے اعتبارات ہیں۔ حقیقت محمدی اول تعین ہے اور حقیقت محمدی ہی آخر مرتبہ جامعہ انسانی ہے۔ یعنی احدیت مطلقہ اور احدیت محمدؐیہ کو اس طرح پہچاننا چاہیئے۔

حمد کہو اور بہت درود لهٗ الحامد ما لحمود

جناب الٰہی کی حمد کثرت سے کرنا واجب ہے اور اسی طرح آنحضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجنا ہم پر واجب ہے۔ یہ حمد و درود بھی اسی طرح ادا ہوگی کہ ہماری زبانوں سے حق تعالیٰ حمد کرتا ہے حق تعالیٰ مرتبہ تفصیل میں اپنے مرتبہ اجمال (محمد) پر درود بھیجتا ہے۔ ان اللہ وملٰئکتہ یصلون علی النبی یا ایہا الذین آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما جو قرآن کریم میں ارشاد ہوا

ترجمہ: (اللہ اور اس کے ملائکہ نبی پر سلام بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود و سلام بھیجو۔ (اللہ ہی آنحضرت پہ تائید اور امداد کی صورت میں درود بھیجتا ہے براہ راست تائید و امداد کرتا ہے۔ اور ایمان والوں سے تائید و امداد بھجواتا ہے۔ یعنی ایمان والے آنحضرتؐ سے محبت و ہدایت قبول کر کے آنحضرت صلعم کی تائید و امداد کرتے ہیں۔ تو امداد و تائید و تاثر کے دونوں طریقوں سے ہوئی۔ بہرحال درود اللہ ہی کی طرف سے بھیجا جا رہا ہے۔

اوّل، آخر باطن ظاہر ناہیں اس سوں کو غیر ظاہر

ابتدا و انتہا پوشیدگی اور ظاہر میں ایک ہی وجود اللہ کا ہے۔ اور تمام اشیاء اسی میں جمع ہیں۔ تمام اشیا درخت کی شاخوں کی طرح ہیں۔ اور وہ تمام کا جامع ہے جس طرح اللہ کی ذات تمام کے لئے محیط ہے۔ اسی طرح اس کی صفات بھی تمام صفات کو گھیرے ہوئے ہیں تمام اشیا اس کے وجود کا سایہ ہیں۔ اور تمام اشیا کی صفات اس کی ہی صفات کا عکس ہیں۔ اول حصہ شعر کا ھو الاول والاخر والظاہر والباطن کی طرف توجہ دلاتا ہے اور دوسرا حصہ شعر کا وھو بکل شیئ محیط آیت کی طرف متوجہ کرتا ہے۔

انا من نور اللہ سخن بیان والکل نوری دھرو دعیان

مضمون حدیث پاک ہے انا من نور اللہ والکل نوری (میرا وجود اللہ کے نور سے

ہے۔ اور دیگر تمام کائنات میرے نور کا پرتو ہیں) انا من نور اللہ و الخلق کلھم من نوری
میں اللہ کے نور سے ہوں اور تمام کائنات مرے نور سے ہے) حدیث پاک ہے۔ لولا لما
خلقت الافلاک (اگر آپ نہ ہوتے تو میں افلاک کو پیدا ہی نہ کرتا یعنی احدیت مری حقیقت
ہے اور احدیت مری تفصیل ہے۔ تمام ارواح مرے روح انوار سے ہیں اور تمام قلوب مرے قلب
سے مظاہر ہیں۔ مثلاً حقیقت مطلقہ انسانیت باعتبار اطلاق ظاہر اور باعتبار شخصیت مظہر ہے اور
حقیقت مطلقہ انسانیت اپنے افراد اور مظاہرہ کا عین ہے۔ مظہر ظاہر کا غیر نہیں ہے اور ظاہر
بذاتہ مظہر میں ظاہر ہے۔ والکل نوری میں اس ہی طرف اشارہ ہے۔

سمجھ لیو اور بوجھو بات ایک ہی ذات ہے ایک ہی ذات

حقیقت محمدی عین وجود نور حق ہے اور خلق عین نوری محمدی لہذا تمام عین نور حق کے ہیں۔
اور نور حق عین وجود نور حق ایک ہی ذات موجود ہے جس کو وجود مطلق کہا جاتا ہے۔ کیونکہ نور
حقیقی رہی نور خدا کا ہی ہے۔ تعینات جو ملحوظ مرتبہ علم میں حقائق اشیاء۔ ماہیات اور اعیان ثابتہ
کہتے ہیں اور مرتبہ عین میں وجودات اشیاء اور اعیان خارجہ کہا جاتا ہے۔ حقائق اشیاء مرتبہ
مرتبہ علم میں باعتبار خصوصیات واعتبارات کے تعینات حق تعالے کے ہیں۔ جب وجود کسی شان
میں روشن ہو تو حقائق موجودات سے ایک حقیقت ہوگا اور اگر کسی دیگر شان میں تجلی کرے
تو دوسرے حقیقت ہوگی۔ وجودات اشیاء مرتبہ عین میں ان حقائق کے احکام و آثار کے
اعتبار سے وجود حق کے تعینات اور تمیزات ہیں۔ حقائق اشیاء مرتبہ علم میں ثابت ہیں اور ان کے آثار
واحکام ظاہری وجود میں بطور عکس کے ظاہر رہتے ہیں۔ یہ موجودات کثرت جسے عالم کہتے ہیں حق
کے تعینات ہیں۔

سب بڑیائی اسے مسلم صلی اللہ علیہ وسلم

تمام کمالات دراصل حضرت نبی کریم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہی ثابت ہیں۔ درود اللہ کا آپ پر ہو اور سلام اللہ کا آپ پر ہو۔ درود یعنی تجلیات ذاتیہ صفاتیہ اسمائیہ اور الٰہیہ آپ پر فیضان لائیں اور سلام یعنے ہر قسم کے عیب و نقص حجاب سے سلامتی رہے۔ ع

صلی اللہ علیہ والہ ومن اشتاق بنود جمالہ

سیما شیخی عبد القادر نعم المولیٰ و نعم الناصر

آنحضرت پر اور ان کی آل اور ان سب پر جو آنحضرت کے نور سے فیضیاب ہیں اللہ کا فیضان رحمت ہو خصوصاً میرے پیر و مرشد (غوث اعظم) عبد القادر یہ کہ جو بہت ہی اچھے آقا ہیں اور بہت ہی اچھے مددگار ہیں۔ یاد رہے نزول رحمت محبت و عشق کے تناسب سے وابستہ ہے۔

فاضل شاہ کا ہے کر نام   سنو حقیقت کہے غلام

حضرت سید غلام قادر مصنف رمز العشق نسبی لحاظ سے اعلیٰ حضرت قبلہ ابوالفرح سید محمد فاضل الدین بانی دربار قادریہ فاضلیہ بٹالہ شریف کے فرزند اکبر تھے۔ اور سلسلہ عالیہ کے اعتبار سے اپنے مرشد معظم حضرت ابوالفرح سید محمد فاضل الدین کے سجادہ نشین بھی تھے آپ فرماتے ہیں کہ غلام اپنے مرشد فاضل شاہ کی برکت سے حقیقت بیان کرتا ہے۔ جو حقیقت کہنے اور بیان کرنے کے قابل ہے۔

دل سے سنو حقیقت ساری   ایک حقیقت سب میں ساری

یقین کر لو کہ سب میں ایک ہی حقیقت ظاہر ہے حق تعالیٰ نے تمام مراتب الٰہیہ کونیہ تعینات سے ظاہر ہوا ہے اور سب اسی سے قائم ہیں۔

آپ سنے اور آپ سنا دے　　　کیا کہیئے کچھ کہا نہ جاوے

سننے کی بھی اور سنانے کی قوت بھی اس ذات تعالےٰ کی صفات ہیں جو کہ صفات مقیدہ میں آکر متعین ہو گئیں۔ لیکن یہاں یہ کچھ کہنا بھی مشکل ہے۔ کیونکہ گفتگو بھی مقام دوئی ہے۔ حق تعالےٰ مرید سے سننے والا اور مرشد سے سنانے والا ہے۔

وہی سمیع، بصیر، علیم　　　ناہیں اوس کا کوئی سہیم

وہی حق تعالےٰ ہر سننے والے میں سمیع (سننے والا) ہے اور ہر بصیر دیکھنے والے میں بصیر ہے۔ ہر جاننے والے میں جاننے والا ہے۔ یعنی کسی صفت میں اس کا کوئی شریک نہیں ہے

کان ولم یک معہہ شیئاً　　　وہو الآن کما کان کہیا

مضمون حدیث پاک اس شعر کے پہلے حصہ میں بیان فرمایا گیا۔ کہ اللہ ہے اور اس کے ساتھ کوئی شے موجود نہیں۔ ازلاً ابداً۔ اور دوسرے حصہ میں حضرت جنیدؒ کا قول منقول ہے کہ اللہ اب بھی ایسا ہی ہے۔ یعنی اس کا غیر موجود نہیں ہے۔ حق تعالےٰ تمام مراتب تنزلات میں تقید سے مطلق ہے اور اس کے ساتھ کوئی غیر موجود نہیں ہے۔ ظہور مراتب سے اس کے اطلاق میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوئی۔ اوصاف کثیرہ میں ذات حق کا متصف ہونا، بلکہ جب کثرت ذات حق نہیں ہے اور اس کی وحدت میں کوئی فرق نہیں آیا۔

غیر کہاں ہے دیکھ پیارے　　　آپ ہی آپ ہے ہر ہر جا رے

محبوب اعلیٰ ذات حق سے محبت کرنے والا جو لائق محبت ہے اس ہی لئے مصنفؒ نے عاشقان الٰہی کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ مرے پیارے تمہیں بصیرت کی آنکھ سے دیکھنا چاہیئے۔ اللہ کے سوا کہاں ہے۔ یعنی اللہ کے سوا کچھ موجود نہیں ہے۔ اپنے آپ کو درمیان سے اٹھا اور اپنی صورت میں حق تعالےٰ کو دیکھ۔

جے توں چاہیں نور یقین — جان مراتب حق کے تین

اگر تو نور یقین سے روشنی حاصل کرنا چاہے تو سمجھ لینا چاہیئے۔ کہ مراتب حق تین ہیں۔

اول کو احدیت جان — جس کا ناہیں نام و نشان

پہلے مرتبہ کا نام لاتعین ہے جسے احدیت کہا جاتا ہے جس کا کوئی نام کوئی علامت نہیں ہے کیونکہ احدیت یہ ہے کہ ذاتِ حق سے یہ تمام اعتبارات وجوبیہ اور امکانیہ خلقیہ ساقط ہوں۔ اسم ذات مع الصفت معین سے مراد ہے۔ اور نشان اس شے سے مراد ہے کہ اس پر وہ دلالت کرے لہٰذا اس مرتبہ احدیت پر کسی نام نشان کا اطلاق نہیں ہوگا۔

اسم و صفت کا نام مقام — بے رنگ نہ رکھے نام

ذات احدیت میں اعتبارات وصفات ملحوظ نہیں ہیں۔ محض بے رنگ ہے۔ اور کسی نام کا وہاں اطلاق نہیں۔

ناں نہ ظہور خفا کا طور — سلب ثبوت کا ناہیں ظہور

اس مرتبہ میں وہ نہ ظاہر ہے نہ باطن۔ نہ ہی وہاں سلب اور ثبوت ہے۔ صفات الٰہی یا سلبی ہیں یا ثبوتی۔ اور صفات ثبوتی تو اسم ظاہر کے تحت ہیں یا اسم باطن سے متعلق ہیں لہٰذا ان صفات کی سلب سے تمام صفات کا سلب لازم آیا۔

مطلق سے اطلاق سوں پاک — ہو لا یدرک یا لا ادراک

ذاتِ حق واجب الوجود تمام قیود سے مطلق ہے۔ حتیٰ کہ قید اطلاق سے بھی منزہ ہے کیونکہ اگر قید اطلاق سے مقید کیا جائے۔ تو مطلق سے مراد صفت سلبی ہوگی۔ بمعنی عدم تقید نہ بمعنی اطلاق۔ جو کہ تعین کی ضد ہے۔ اور اطلاق حقیقی مطلق اس امر کا متقضی ہے کہ معلوم اور متمیز نہ ہو اور احاطہ نہ ہو سکے۔ کیونکہ علم کی حقیقت معلوم کے ساتھ ہوتی ہے۔

غیب الغیب ہے غیب الغیب   ناہیں اس میں شک اور ریب

اللہ تعالیٰ ہر غیب کا غیب اور ہر باطن کا باطن ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سے بھی منزہ ہے کہ غیب سے متصف ہو۔

وہم خیال کی ناہیں جا!   بوجھا جاتا کیوں کر جا

مدرکات انسانی وہم خیال میں محصور ہیں۔ قید مطلق اور محیط کا ادراک نہیں کر سکتا۔ ورنہ لازم آئے گا۔ کہ محاطہ اور مقید مطلق اور محیط کا محیط ہو۔ یہ باطل ہے۔

لیس هنالك انت ولا هو   احد حمد لیس سواہ

مرتبہ احدیت میں تو اور وہ کا مقام (وجود واجب اور ممکن ہے) نہیں ہے۔ کیونکہ واجب اور ممکن، در حقیقت کے مقتضی ہیں۔ حمد کے معنی ہیں کہ اشیاء اس کی طرف محتاج ہوں۔ اور وہ کسی چیز کی طرف محتاج نہ ہو احد اور حمد کے الفاظ سے مراد یہ ہے کہ اس ذات کے لئے تمام قسم کی تنزہات ثابت ہیں۔

دوجا وحدت جان پیارے   پر گھٹ ہوئے حقائق سارے

دوسرا مرتبہ ذات کا مرتبہ وحدت ہے جس میں حق تعالیٰ پر تمام حقائق ظاہر ہوئے اس نے اپنے آپ میں باعتبار تعین جامع جمیع تعینات ادراک کیا۔

مجمل مبہم ناہیں مفصل   اس کو کہیں تعین اوّل

اس مرتبہ میں ظہور حقائق کلیہ اور اجمالی طور پر ہے۔ تفصیلی طور پر نہیں۔ کیونکہ یہ شان کلی تفاصیل سے مبرّا ہے۔ اس میں کثرت مجملہ کو شیون ذاتیہ اور حروف عالیہ کہتے ہیں۔ اس مرتبہ کو تعین اول کہا گیا ہے۔ اسے حقیقت الحقائق بھی کہتے ہیں اور حقیقت احمدی بھی کہتے ہیں۔ اور اس ہی حقیقت کا مظہر تمام کائنات ہے۔ اور تمام کائنات کا وجود اس ہی حقیقت کی وجہ سے ہے

علم وجود اور نہ شہود   اس برزخ موں کیا نمود

صفات علم وجود نور اور شہود اس مرتبہ میں ظاہر ہوئیں جو احدیت اور واحدیت کے درمیان
حد فاصل ہے۔ اس برزخ سے مراد وہ مرتبہ ہے جسے تعین اول یعنی حقیقت احمدی کہا گیا ہے
جو حقیقت محمدی ہے۔ مافوق کے لحاظ سے آں حضور صلی اللہ علیہ وسلم احدیت کے مظہر ہیں اور تحت
کے اعتبار سے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم واحدیت کے مظہر ہیں۔

یعنی آپ کو آپ پہچانا ۔۔ روشن ہو کر دیکھا جانا

مرتبہ برزخ (حقیقت محمدی) میں علم وجود و شہود کے ظہور سے مراد یہ ہے کہ حضرت
ذات تعالیٰ نے آپ کو ہی پہچانا۔ اور آپ ہی اپنے پر ظاہر ہوا۔ اور اپنے آپ کو ہی دیکھا۔
اس لئے کہ جب آپ ہی اپنے پر تجلی فرمایا تو اپنے آپ کو پالیا۔ صفت وجود جو تمام صفات
کی اصل ہی ظاہر ہوئی۔ جب ذات اپنے پر ظاہر ہوئی تو علم کی صفت پائی گئی۔ تو صفت نور کا ثابت
ہو گئی کیونکہ پردہ غیب کا اٹھ گیا اور بتقاضائے وصف نورانیت صفت شہود تحقیق ہوئی۔ ہر
چہار صفات مذکورہ مرتبہ لاتعین (ذات) میں ایک دوسرے سے ممتاز ہیں اور وحدت کے درجہ میں
یہ صفات بصفت حقیقت کلیہ ظاہر ہوئیں اور واحدیت میں یہ صفات متشخص اور ممتاز
ہوئیں۔

اوّل ہو کر ہو یا آخر ۔۔ باطن ہو کر ہو یا ظاہر

امور متضائفہ وہ ہیں جن میں ایک کا تعقل دوسرے پر موقوف ہے۔ جیسے اول
[illegible] کا تضائف ہے حضرت ذات مرتبہ احدیت میں اوّل اور باطن ہے اور مرتبہ برزخ
[illegible] مجرد [illegible] آخر اور ظاہر ہے جو اسماء وایجاد وابداع کے متعلق ہیں اسم اول کے تحت
[illegible] ہیں آخر کے تحت ہیں جو ظہور و بطون کے متعلق ہیں اسم ظاہر باطن
[illegible] تحقیق اور ظہور و [illegible] تمام اسماء الہیہ و کونیہ کے ظہور کا مستلزم

ہے۔ اگر ظہور کلیۃً اور اجمال کے طور پر ہے تو ظہور اجمالی ہے۔ جیسے اس مرتبہ میں ہے اور اگر تفصیل اور جزئیت کا ظہور ہے تو ظہور تفصیلی ہے جیسے مرتبہ واحدیت میں ہے۔

سب اسما صفات کمال ظاہر ہوئے علی الاجمال

تمام اسماء اور صفات کاملہ بر سبیل اجمال اس مرتبہ میں ظاہر ہوئے۔

اس برزخ کبرٰے کا جان نام حقیقت احمد جان

اے میری جان اس برزخ کبریٰ کا لقب حقیقت محمدی ہے۔ اس مرتبہ والے حضرت محمد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں یعنی اس مرتبہ کا اکمل ظہور ہے اس لئے آنحضرتؐ اکمل کامل ہیں اور یہ مرتبہ حقیقت محمدی کہلایا ہے۔ یہ برزخ کبریٰ اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ یہ مرتبہ سب مراتب کا اصل ہے اور تمام مراتب اس کی تفصیل ہیں قرآن حکیم میں اسی مرتبہ کی طرف اشارہ کرنے کے لئے او ادنیٰ فرمایا گیا ہے قاب قوسین کا باطن یہی مرتبہ ہے۔ قوسین وجوب اور امکان یا وحدت اور کثرت یا فاعلیت اور قابلیت ہے دائرہ واحدیت جامع قوسین ہے ذات تعالیٰ کے باعتبار تعین اول حقیقت محمدی تو دو اعتبار ہیں۔ ایک حیثیت جمع اور ظاہر اور وحدت سے دوم ذات تعالیٰ حقائق الٰہیہ اور کونیہ عین ہے جن پر وہ مشتمل ہے۔ اول اعتبار سے اس کا نام احدیت جمع اور مرتبہ جمع وغیرہ ہے دوسرے اعتبار سے اس مرتبہ کا نام وجود عام اور تجلی ساری ہے۔

اصل الاصل محمدؐ جان سب کچھ اس مول ہویا عیاں

جو کچھ تمام مراتب اور نشاءات میں ظاہر ہوا ہے وہ آفتاب محمدی کا پرتو ہے۔

جے نہ ہوندا نور وجود اس آئینہ مول مشہود

کوئی نقش نہ ہوندا ظاہر وھو المرئی وھو الناظر

اگر نور وجود حقیقی اور چہرہ محبوب ازلی جس کو تجلی جلالی اور جمالی کہتے ہیں آئینہ حقیقت

محمدی میں ظاہر نہ ہوتا تو صفحۂ ہستی پہ کوئی نقش ظاہر نہ ہوتا کیونکہ نور علمی اور عینی جو تمام اشیاء حقائق پہ ہے، وہ بالواسطہ وجو علمی اور عینی حضرت نبی کریم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ہے!

یہی احدی جمعی الشان وھوالان کما ھوکان

حقیقت محمدی اصل الاصل اس لئے ہے کہ وہ احدیت جمع جمیع شیون الٰہیہ وجوبیہ اور تمام حقائق کونیہ سے مراد ہے۔ یہ برزخ قبلی ظہور جامع جمیع شیون ہے اور بعد ظہور مراتب کلیہ اور جزئیہ بھی ویسے جامع جمیع شیون ہے جیسے اوّل تھا۔ اس کی جمعیت میں کوئی نقصان تغیر واقع نہیں ہوا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فیضان جیسے اوّل ہے ویسے ہی قائم رہے گا۔ تعدد تعینات اور کثرت حقائق سے جو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مستفیض ہے آنحضرت کے کمال میں نقصان یا تغیر و انحطاط پیدا نہیں ہوتا۔

ازلی ابدی نور قدیم وھوالاحمد لا بالمیم

حقیقت محمدیہ میں ازلی اور ابدی نور قدیم الٰہیہ جگ مگ جگ مگ کر رہا ہے۔

تیجا بوجھ تعین ثانی اس حضرت مولیٰ میری جانی
ظاہر ہوئے مظہر سارے یہی مفصّل مجمل پیارے

اس مرتبہ کو تعین ثانی کہا جاتا ہے اور واحدیت بھی کہا گیا ہے کثرت اسماء الٰہیہ و کونیہ وحدت کی جہت سے اور کثرت کا اعتبار بحسب حقائق اور صورت علمیہ واحدیت کی جہت سے ہے۔ حضرت تعالیٰ پہلا مرتبہ دوسرا مرتبہ حقیقت محمدیہ (تعین اوّل) اور تیسرا مرتبہ واحدیت یعنی تعین ثانی۔ لہٰذا تعین اوّل کے تمام مضمرات و مجملات اس مرتبہ میں ظاہر ہو گئے۔

سبھ اسماء صفات الٰہی پر گھٹ ہوئی تمام کماہی
یوں ہے سبھ اسماء کیا نے پکڑ ظہور ہوئی نورانی!

تمام اسما، وصفات وجوبیہ اس مرتبہ میں ظاہر ہوئے اور اسماء کونیہ ظہور کے تمام ہمہ تن اس حد تک کہ ایک دوسرے سے ممتاز ہو گئے۔ کوئی اجمال و پوشیدگی نہ رہی۔ بلکہ تفصیل و تکمیل سے ظاہر ہو گئے اور تمام اسما اور ان کے احکام وجوب اور امکان سے متعلق درجہ کمال کو پہنچ گئے۔

واجب ممکن ہوں ممتاز — فقر و غنا اور ناز و نیاز

جب اس مرتبہ میں واجب اور ممکن ایک دوسرے سے منفصل اور متمیز ہو گئے تو ان کی صفات بھی ایک دوسرے سے ممتاز ہو گئیں۔ فقر و نیاز اور ممکن کی صفات اور غنا و ناز واجب کی صفات ہو کر ظاہر ہو گئیں۔

ہر ہر رسم وجوبی تا ئیں — مظہر کوئی خاص بچھائی

ہر ایک رسم وجوبی (کلی یا جزئی) کا ہر ایک رسم کونی مظہر ہے جس میں اس کا کمال ظاہر ہے اسماءِ الٰہیہ مظاہر ہیں۔ ذات تعالیٰ کے بعد اسما کونیہ مظاہر ہیں مظاہر کے اسما الٰہیہ جزئیہ بے شمار ہیں اسماء کونیہ جزئیہ بھی بے شمار اسما الٰہیہ کلیہ فاعلہ کا ذکر یوں کرتے ہیں، مبدیع باعث باطن آخر ظاہر حکیم محیط شکور غنی۔ امر مقتدر۔ رب علیم۔ قاہر۔ نور مصور محصی مبین قابض محی مجی۔ ممیت۔ عزیز۔ رازق۔ مذل۔ قوی لطیف۔ جامع۔ رفیع الدرجات۔

اور اسما کونیہ کی بھی تعداد اتنی ہے:۔ عقل کل نفس کل طبیعت کل جوہر ہبا شکل کل۔ جسم کل عرش۔ کرسی۔ فلک البروج۔ فلک المنازل۔ فلک الزحل۔ فلک المشتری۔ فلک المریخ، فلک شمس۔ فلک زہرہ۔ فلک عطارد۔ فلک قمر۔ کرہ نار۔ کرہ ہوا، کرہ آب۔ کرہ خاک۔ مرتبہ جما مرتبہ نبات۔ مرتبہ حیوان۔ مرتبہ ملک۔ مرتبہ جن۔ مرتبہ انسان۔ مرتبہ جامع (برزخ)

اقدس فیض نے کیا جوش — بوجھ حقیقت ہو خاموش

اسما کونیہ کو اعیان ثابتہ کہتے ہیں حضرت تعالیٰ کا ہر طریق ایجاب فیض اعیان ثانیہ پر

ہوا جس پر عرفان الٰہی کا فیضان اس طرح ہو جائے۔ اس پر اعتراض کی زبان درازی کرنے کی بجائے حقیقت کو پا لینے کی راہ تلاش کرنی چاہیئے اور زبان اعتراض کو خاموش رکھنا چاہیئے۔

اثر موثر خوب پچھان حضرت اسماء اور اعیان

اثر مصدر بمعنے فاعل (یعنی موثر) اور موثر (بالفتح یعنے متاثر) اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ مرتبہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ ایک اسماء الٰہیہ جو کہ اکوان و اعیان میں تاثیر کا عمل کرتے ہیں اور دوسرا حصہ اعیان کا ہے جو کہ تقاضا ہے کہ متاثر ہوں اور اثر قبول کریں۔

ہر ہر شان ہوں طور نیارا آن دوئی نے کیا پسارا

تمام اسماء اعیان میں رنگ علیحدہ علیحدہ ظاہر ہے۔ پھر مرتبہ میں مغائرت اطلاع ہیں اس لئے ظاہر نگاہ میں اس مرتبہ میں دوئی نمایاں نظر آتی ہے۔

اسم صفت کے معنی جان تا ہووے یہ رمز عیان

اسم اور صفت کے معنی پر غور کر لینا چاہیئے۔ تاکہ توحید کی حقیقت واضح ہو جائے، اور دوئی کا جو شبہ اس مرتبہ میں ظاہر بین نگاہ کو پایا جاتا ہے۔ وہ دور ہو جائے۔ ذات مع صفت معین اور تجلی خاص کو اسم کہا جاتا ہے۔ مثلاً رحمٰن بمع رحمت اور قہار مع قہر رحمٰن اور قہار کہلائے گا۔ صفت ایک حال مخصوص ہے جو ذات سے قائم ہے اور باعتبار تحقیق کے عین ذات ہے اور باعتبار تعقل غیر ہے۔ لہٰذا صفت عین ذات ہے نفس شیئ عین شے ہوتا ہے۔ اسم ذات با صفت ہے لہٰذا ذات مسمی ہے۔

عین کہاں ہے آنکھیں کھولو ایک ہی دیکھو ایک ہی بولو

آنکھیں کھول کر دیکھنا چاہیئے اصل اعیان ثابتہ کا وجود ہی نہیں ہے۔ اعیان تو صور علمیہ حق ہیں۔ اور صور علمیہ خارج میں موجود ہی نہیں ہیں۔ صور علمیہ خارج موجود نہیں ہو سکتی

ورنہ عالم عالم نہ رہے گا۔ کیونکہ عالم وہ ہے جس میں صورت علمیہ ہو۔ اگر صورت علمیہ اس کے علم سے باہر ہو تو وہ عالم نہ رہے گا۔ اور ذات تعالیٰ جہل سے پاک ہے اس کی صورت علمیہ اس کے علم سے باہر نہیں آسکتی۔ چنانچہ اعیان کو اعیان ثابتہ کہتے ہیں کہ وہ اعیان ہمیشہ علم الٰہی میں ثابت ہیں ایک ہی ذات تعالیٰ ہے جو اپنے صور علمیہ کے آثار اور احکام سے رنگین ہو کر ظاہر ہوتی ہے لہٰذا ایک ہی دیکھو ایک ہی بولو۔

صورت علمی ہے معدوم — عالم بنا ں نہ ہو معدوم
ظاہر علم ہوں کیا موجود — عین ہوں نا نہیں اس کو بود

اعیان معدوم ہیں کیونکہ وہ صور علمیہ حق ہیں اور صور علمیہ من حیثیت ہی معدوم ہیں۔ اعیان کو خارج میں وجود حاصل نہیں ہے۔ ان کو وجود علمی حاصل ہے مگر وجود معلوم کا وجود علم ہے اور عالم عین عالم ہے۔

ایک وجود ہے ایک وجود — منہ الفیض و منہ السجود

سوائے ایک ذات تعالیٰ کے کوئی موجود نہیں ہے۔ اس ہی سے فیض ہے جس کو فیض اقدس کہا جاتا ہے اور اس کے فیض مقدس کو وجود کہتے ہیں جس سے مراد یہ ہے کہ حق تعالیٰ مرتبہ عین میں اعیان کے آثار و احکام بحسب استعداد اعیان متجلی ہوا۔ لہٰذا حقائق اشیاء اور وجود ان کا وجود عین ہے ذات نہیں۔

وھو الواحد حقا حقا — تمت کلمت ربك صدقا

حق کہا ہے۔ بوحدت حقیقی واحد ہے جس میں دوئی کی مطلقاً گنجائش نہیں ہے یہی راست گوئی ہے۔

کہنے کو یہ درجے تین — ایک حقیقت جان یقین

یقین کیجئے کہ ان تین مراتب میں غور کیا ہے تو حقیقت ایک ہی ہے۔ کیونکہ تعدد اعتبارات سے تعدد حقیقت لازم نہیں آتی

ہر درجے کا حکم پہچان تا ہو وے تو ذوالعرفان
ہر درجے کا نام جدا ہے ہر درجے کا کام جدا ہے
ہر ہر نام کے معنی اور ہر معنی کا اور ہے طور

ان مراتب یعنی درجوں کا حق پہچان ادا کرنا ہی عرفان ہے۔ ان مراتب کی باریکیوں کو ہر لحاظ سے ملاحظہ کرنا اور ان کا مشاہدہ کر لینا ہی عرفان ہے

کہیں ہے اللہ کہیں رحمٰن کہیں سلام کہیں سبحان
کہیں علیم، سمیع، بصیر کہیں مرید، کلیم قدیر
کہیں ہے ہادی کہیں غفار کہیں مذل کہیں قہار

حقیقت واحدہ ایک اعتبار سے اللہ کہلاتی ہے اللہ کا اسم کبھی حقیقت مطلقہ پر اطلاق کیا جاتا ہے۔ اور کبھی حقیقت فعالیہ موثرہ مستجمعہ صفات کاملہ پر اس کا اطلاق ہوتا ہے حقیقت منفعلہ متاثرہ حقیقت ممکن اور مخلوق کی ہے اللہ عین ہے واجب اور ممکن کا باعتبار اول اطلاق کے اور دوسرے معنی میں ممکنات کے متباین اور متاثر ہے۔ کیونکہ خالق اور مخلوق متباین ہیں چنانچہ حضرت شیخ اکبرؒ کا قول ہے کہ العبد عبد وان ترقی والرب رب ان تنزل (بندہ بندہ ہی ہے خواہ کتنی ہی ترقی کر جائے اور رب رب ہی ہے خواہ کتنا تنزل کرے)

اگر ذات تعالےٰ سے ذات جمیع الصفات مقصود ہو تو وہ اللہ ہے اگر مراد صفت رحمت عامہ ہے تو رحمٰن کہا جائے گا۔ اگر سلامتی از جمیع نقائص موجودہ وموہومہ مراد ہے۔ تو سلام ک

جائے گا۔ وقس علیٰ ذالک۔

کہیں احد ہے کہیں ہے احمد　　کہیں ہے واحد کہیں محمدؐ

حق تعالےٰ اس اعتبار سے احد ہے کہ وہ تمام اعتبارات سے مجرد ہے۔ اس اعتبار سے احمد ہے کہ از روئے تعین جامع جمیع تعینات بطریق اجمال اپنی ذات کو جانتا ہے اور اس اعتبار سے واحد ہے۔ اور تمام اعتبارات سے موصوف ہو کر تمام کو تفصیل میں جانتا ہے اور اس لحاظ سے محمد ہے کہ تمام مراتب الٰہیہ وکونیہ کا جامع ہے لہٰذا تعدد اسماء مراتب ہے تعدد ذات لازم نہیں آتا۔

کہیں ہے شاہد کہیں مشہود　　کہیں ہے حامد کہیں محمود
کہیں ہے عابد کہیں معبود　　کہیں ہے ساجد کہیں مسجود

مراتب کونیہ فرقی میں شاہدیت عامدیت۔ عابدیت اور ساجدیت سے وہی ذات تعالےٰ موصوف ہے اور مراتب الٰہی جمعی میں مشہودیت۔ محمودیت۔ محمودیت۔ اور مسجودیت سے وہی موصوف ہے۔

ہر ہر نام کا جانو نشان　　حفظ مراتب لازم جان

اسماء سے ہر اسم کی شان علیحدہ علیحدہ ہے۔ جیسے رحمت قہر سے بالکل متمیز ہے لہٰذا حفظ مراتب لازمی چیز ہے۔ محققین کا مسلک اور طریقہ حفظِ مراتب پر منحصر ہے چنانچہ مرتبہ الوہیت کا مرتبہ عبودیت پر اطلاق نہیں ہو سکے گا۔ جیسے شیریں کو تلخ اور تلخ کو شیریں نہیں کہا جا سکتا چاہئے کہ ہر اسم کو اس پر بولا جائے جو اس کے لئے مخصوص ہے۔

یہ جو تینوں ہوئے بیان　　خاص وجوب قدم کے جان
ہے معبودی اس سوں خاص　　کرو عبادت با اخلاص

حفظ مراتب یہ ہے کہ ہر سہ مراتب مذکورہ کو مراتب وجوب و قدم سمجھو۔ اور معبودیت مسجودیت

انہیں کا خاصہ ہے۔ اور مراتب حدوث کا خاصہ عابدیت اور ساجدیت ہے اور افراد ممکو[illegible]
ہے کہ اخلاص سے مراتب وجوب کی عبادت کریں۔

اور مراتب خلقی تین   بوجھ لیو اور کرو یقین

اول حضرت روح پہچان   پاک لطیف منزہ جان

اب مصنف رح حدوث کے مراتب بیان فرماتے ہیں کہ مراتب وجود کے پھر تین حصے
جن کو خلقی اور امکانی کہا جاتا ہے۔ یہ وجود مطلق کا ظہور ہے۔ یہ ظہور اعیان روحیہ مثالی[illegible]
جسے فیض مقدس کہا جاتا ہے۔ اول مرتبہ ان مراتب خلقی سے مرتبہ روح ہے جو کدورت[illegible]
سے پاک ہے اور تقلید سے منزہ ہے۔ اس کی کا ادراک نہیں ہو سکتا۔

نہ اس شکل نہ مادہ صورت   یعنی جو اسباب کدورت

روح کی نہ تو کوئی شکل ہے اس لئے وہ محتاج مادہ کی نہیں ہے اور نہ ہی [illegible]
لئے وہ محتاج صورت کی بھی نہیں ہے۔ صورت اور مادہ اسباب کدورت ہیں۔ اس لئے
ان سے منزہ ہے۔

نہ وہ روشن نا تاریک   نا وہ دور نہیں نزدیک

روح روشنی سے متصف نہیں ہے۔ کیونکہ روشنی تو اجسام کی صفت ہے۔ نہ ہی [illegible]
ہے۔ کیونکہ تاریکی بھی جسم کی وصف ہے نہ قرب و بُعد سے روح متصف ہے کیونکہ [illegible]
و بعد بھی لوازم جسم سے ہیں۔ تمام لوازم جسم سے روح منزہ ہے۔

نہ محدود نہیں متناہی   نہ معلوم بہ کد و کماہی

روح محدود اور متناہی نہیں۔ کیونکہ یہ لوازم مقدار سے ہے اور روح مقدا[illegible]
منزہ ہے روح کی اصل کنہ معلوم نہیں ہے کیونکہ وہ مجرد او بسیط اور مظہر احدیت ہے۔ بلحاظ[illegible]

روح مظہر احدیت ہے اور بلحاظ تربیت کے وہ مظہر ربوبیت ہے۔ اس کی کنہ اصل اللہ اور اخص الخواص کے کوئی نہیں جانتا۔

اوّل سرّ خدا مظاہر ناہیں اس سوں کوئیو باہر

اصل ارواح یعنی روح الروح جسے روح مطلق محمدی کہتے ہیں اوّل سرّ الٰہی ہے اس کے آثار ظاہر کے ششوں درآت میں ظاہر ہوئے۔ مظاہر عینیہ سے کچھ بھی اس سے باہر نہیں تمام ارواح اسی کے مظاہر ہیں۔ عالم مثالی بھی مظہر ارواح ہے۔ اور عالم اجسام مظہر عالم مثال ہے۔ بعد ظہور تمام کے وہ سب میں ظاہر اور عین تمام کا ہے قبل ظہور کے سب اس میں مندرج اور اس کے عین۔ لہذا تمام اس کی تفصیل اور جزئیات ہیں۔

سب اسرار کا ہے وہ مخزن سب انوار کا ہے وہ معدن

روح مطلق محمدی اسرار الٰہیہ او ربوبیت کا مخزن ہے اور انوار قدسیہ کا معدن ہے روح اور سرّ ایک ہی ہیں۔ سرّ۔ روح۔ قلب سب ایک ہی ہیں۔ عقل اوّل۔ قلم اعلیٰ۔ نور نفس کلیہ لوح محفوظ اس ہی روح کے نام ہیں۔ سرّ خفی۔ کلمہ فواد۔ صدر عقل بھی اس ہی کے نام ہیں۔

جامع مطلق ناں نہ مقید یعنے ہے وہ نور محمدؐ

روح الروح جامع الارواح ہے۔ جس طرح جنس اپنے اصناف و انواع کی جامع ہے روح الروح ہر قید سے مطلق ہے حتیٰ کہ قید اطلاق سے بھی مطلق ہے حضرت نبی اکرم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مظہر کامل ہے۔ اس لئے روح الروح کو نور محمدی کہا گیا ہے۔

قلم الاعلیٰ ام الکتاب اس حضرت کا جان خطاب

اس ہی روح کو قلم الاعلےٰ اور ام الکتاب بھی کہتے ہیں۔ بہ نسبت حق تعالےٰ اس کو قلم اعلےٰ کہا گیا۔ کیونکہ وہ عالم امر اور عالم خلق کے کلمات ونقوش کی کتابت کا ذریعہ ہے

اور ممکنات علمیہ کا مظہر ہے اور بہ نسبت خلق مطلق اس کو عقل اول کہتے ہیں کیونکہ اس نے حقائق اکوان کو کماحقہ پہچان لیا۔ اور بہ نسبت انسان کامل روح محمدی کہتے ہیں کیونکہ بطور اجمال کے وہ جامع جمیع حقائق کونیہ ہے۔ اور صفت مظہر ذات حق ہے اس کو ام الکتاب کونی کہتے ہیں۔

نوری اوّل ما خلق اللہ   منہ بداء ما شاء اللہ

حق تعالےٰ نے سب سے پہلے نور محمدی پیدا فرمایا۔ (اول ما خلق اللہ نوری حدیث پاک ہے) پھر اس سے جو پسند فرمایا۔ پیدا فرمایا۔ پس ہر شخص کو جو فیضان پہنچتا ہے۔ وہ نور محمدی کی بدولت ہے۔

سب ارواح خواص و عام   پرگھٹ اس سوں ہوئے تمام

تمام ارواح خواص مثلاً انبیاء اولیاء اس ہی روح سے پیدا ہوئے۔

کیا کروبی کیا جبروتی   کیا ملکوتی کیا ناسوتی

تمام ملائکہ۔ کروبی۔ جبروتی۔ ملکوتی۔ ناسوتی۔ اس ہی روح سے پیدا ہوئے!

سب کچھ اس سوں ہویا عیاں   فی الاعیان وفی الاکوان

علم میں ہے اعیان کا عین   عین منوں ہے اکوان کا عین

تمام اعیان عین نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے جزئیات اور تفصیل ہیں۔ تمام اکوان آنحضرتؐ کے روح مقدس اور قلب مظہر کی جزئیات اور تفصیل ہیں وہ نور مرتبہ علم میں اہل ایمان ہے۔

وہی وہی ہے سب موں ظاہر   ھو الاول وھو الآخر

بلحاظ ظہور کلیات وہی نور اوّل ہے اور باعتبار ظہور یہ جزئیات وہ نور آخر ہے مرتبہ علم سے اوّل اور باعتبار عین کے آخر ہی نور باعتبار روح کے اوّل اور باعتبار جسم کے آخر ہے

دوجا عالم بوجہ مثال
اس برزخ کا نام خیال

مراتب حدوث سے دوسرا مرتبہ عالم مثال کہلاتا ہے۔ اس کو خیال بھی کہتے ہیں۔

سبھ ارواح صفات معانی
صورت پکڑ ہوئی نورانی

لیکن با اشکال لطیفہ
نامکدر نہ ناکشیفہ!

تمام ارواح منزہ اور صفات مجردہ اور معانی نے اپنے اپنے استعداد کے مطابق، صور مثالیہ میں لطیف نورانی تعین حاصل کر لیا۔

لاتتبعض لا تتخبری
لاکسرا لا قطعا قطعا

نہ ٹوٹیں نہ توڑی جائیں
نہ مریں نہ ماری جائیں

تا صحیح نہیں بیمار
ناہیں سوویں نہ بیدار

نہ کھائی پیتی کا ہول
ناہیں غائط ناہیں بول

یعنی جو نقصان کا طور
ناہیں اس کا ایہاں ٹھور

صور مثالیہ ہرگز اجسام کی طرح نہیں ہیں۔ انہیں انفصال اور تقطیع اجزاء بھی عارض نہیں ہوتی وہ نہ خود بخود ٹوٹتے ہیں اور نہ ہی توڑے جاتے ہیں۔ موت بھی ان پر واقع نہیں ہوتی ہے۔ تندرستی اور بیماری بھی ان کے لئے نہیں ہے۔ نیند اور بیداری کھانا پینا بول و براز سے بھی وہ پاک ہیں۔ انہیں کوئی نقصان کی صفت لاحق نہیں ہے۔ بلکہ وہ نہایت لطیف ہیں اور تمام خواص اجسام کثیفہ عنصریہ فلکیہ سے پاک ہیں۔

سبھ ہے یہ اجسام نورانی
نہ زمانی نہ مکانی

یہ نورانی لطیف اجسام زمان و مکان کے خواص سے بھی پاک ہیں۔

ظاہر حس سوں ناہیں مدرک
ناہیں اسموں ریب اور شک

وہ صور ظاہری آنکھ سے دیکھی بھی نہیں جاتیں!

کر سینہ زنگار سوں صاف　　　تا تو دیکھے سبھ اصناف

دوئی کے زنگ وغبار سے سینہ صاف کرنے کے ذریعے اس عالم ماقبل الذکر کے تمام اصناف کا دیدار کیا جا سکتا ہے۔ زنگ وغبار کو عبادات کاملہ مشروعہ کے ذریعہ نگاہ شیخ کی تربیت کی برکت سے بطریق احسن دور کیا جا سکتا ہے۔

کدورت وکثافت شرک کو دور کر کے جب تزکیہ حاصل ہو جائے تو انسان کو وہ قلب وکھرا روشن دل حاصل ہو جاتا ہے جو فراست مومن کا حاصل ہوتا ہے جس سے انسان غیر معمولی حقیقتیں دیکھ لیتا ہے اور عالم مثال کے سب اقسام ملاحظہ کر لیتا ہے بلکہ اس دل کی روشنی سے دوسرے لوگ بھی کامیاب ہو جاتے ہیں۔ اس روشن دل کی روشنی کے مرتبے کئی ہیں۔ ان مرتبوں کے معارف اس حدیث پاک سے بھی مطالعہ ہو سکتے ہیں جو کہ آیت شریفہ نورھم یسعیٰ بین ایدیھم کے متعلق ارشاد ہوئے۔

قال علی قدر اعمالھم یمرون علی الصراط منھم من نورہ مثل الجبل ومنھم نورہ مثل النخلتہ وادناھم نوراً من نورہ فی ابھامہ یتقد مرۃ ویطفا آخری۔

وہ راستہ پر اپنے اپنے کردار کے مطابق چلتے ہیں کوئی تو ان میں سے اتنا بلند مقام نور لئے ہوئے ہیں۔ جیسے کہ پہاڑوں کی بلندیوں پر ان کا نور ہے۔ کوئی ان میں سے اتنا مرتبہ نورانی رکھتے ہیں جیسے کہ کھجور کے درخت کو مانند قامت در اونچائی کی وجہ سے سب درختوں میں فائق ہے۔ اور کوئی مثل انگشت کے

برابر اونچائی مرتبہ نور کی پا سکتے ہیں جن کی روشنی کبھی چمکتی ہے اور کبھی ماند پڑ جاتی ہے
بہرحال توحید کا ثمرہ حاصل کرنے والوں کے مراتب اہل مراتب ہی جانتے ہیں لہٰذا
تو یہ ذکر کرتا ہے کہ شرک سے تزکیہ اور صفائی کی وجہ سے مختلف انواع کے مراتب کی
نورانیت پیدا ہوتی ہے۔

یہ برزخ دو قسم پہچان — مطلق اور مقید جان

برزخ کی دو قسمیں ہیں۔ ایک مطلق یعنی خیال منفصل اور مقید یعنی خیال متصل۔

جو ہے بیچ خیال انسانی — اس کو ل جان مقید جانی

اس سوں باہر مطلق جان — ہر ہر آن موں ہر ہر شان

جو صورت ہائے مثالیہ قوت متخیلہ انسانی میں ظاہر ہوں وہ مثال مقیدہ کی صورتیں ہیں۔ مثال مقید خیال انسانی ہے جو اس سے باہر ہو اور اپنے عالم میں موجود رہے وہ صورت مثال مطلق ہے۔ وہ برزخ جسے خیال انسانی ادراک کرکے وہ مقیدہ اور دوسرا مطلق ہے اور ان ہر دو قسموں کی علیحدہ علیحدہ شان ہے ان میں سے کسی کو بھی کسی ایک جگہ قیام و ثبات نہیں ہے عالم مثال وہ ہے جو کہ عالم اجسام اور عالم ارواح کے درمیان ہے اور بعض حکماء نے اس طرح سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ جن صورتوں کے ادراک میں قوی دماغی شرط ہے وہ خیال متصل اور جن صورتوں کے ادراک کے لئے قوی دماغی شرط نہیں ہے وہ خیال منفصل ہے۔ مثال مقیدہ مثال مطلق کا نمونہ اور ظل ہے اور اس کو مثال مطلق سے ایسی نسبت ہے جیسے چھوٹی چھوٹی نہروں کو دریا سے نسبت ہوتی ہے جو چیز عالم حستی میں موجود ہے۔ وہ عالم مثال میں ضرور موجود ہے اور بالعکس نہیں ہے

اور دو نوع عروج نزولی — سمجھ لیو اور مت کر فضولی

جس مرتبہ میں ارواح قبل نشاء دنیا اور دنیویہ تھے وہ مثال نزولی ہے اس کو اولیہ بھی کہتے ہیں جس مرتبہ میں ارواح بعد مفارقت بدن رہیں گے۔ وہ مثال نزولی ہے اس کو آخریہ بھی کہا جاتا ہے اور مثال عروجی بھی کہتے ہیں۔ ارواح جب بعد نفخ اخیر میں صورتوں میں مصروح ہوتے ہیں وہ صورتیں اعمال کی صورتیں ہوتی ہیں مگر صور برزخ ایسا نہیں ہوتا۔ مثال عروجی کو غیب محالی کہتے ہیں۔ کیونکہ ان پر بہت کم لوگ واقف ہوں گے مگر آخرت میں سب واقف ہوں گے البتہ مثال نزولی سے غیب امکانی کہا جاتا ہے۔ اس کا کشف اکثر یہ ہوتا ہے جب سالک مثال مطلق کو پہنچ جاتا ہے۔ اس کے تمام مشاہدات درست ہوتے ہیں کیونکہ عالم صور عقلیہ لوح محفوظ کے مطابق ہے اور لوح محفوظ علم الٰہی کا مظہر ہے۔

ہر ہر کے احکام جدا ہیں   تمام صفات مقام جدا ہیں

مضمون مذکورہ سے واضح ہوگیا کہ عروجی و نزولی کے احکام علیحدہ علیحدہ ہیں اور ان کے صفات بھی مختلف ہیں۔

ہر موجود کو اس برزخ مول   لاتحصی اشکال پہچانو

کائنات کے ہر انسان کے لئے عالم مثال میں بے شمار صورتیں ہیں۔ انسانی حقائق عالم کا محیط ہے اور ہر حقیقت کے مطابق اسے اس عالم میں ایک صورت حاصل ہے۔

اصل اس کا ہے قلب محمدؐ   ناہی مطلق نا مقید

